www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور تھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | جمعہ 13 مارچ 2026ء بمطابق 23 رمضان 1447ھ | شمارہ 229 | قیمت 10 روپے

صدر مملکت نے نہال ہاشمی کو گورنر سندھ تعینات کرنے کی منظوری دے دی

صدر مملکت نے وزیراعظم کی ایڈوائس پر آئین کے آرٹیکل 48 اور 101 کے تحت گورنر سندھ کے عہدے کیلئے نہال ہاشمی کی منظوری دیدی

وزیراعظم شہباز شریف نے سمری منظوری کے لئے صدر پاکستان کو بھجوائی تھی، وزیراعظم کی نہال ہاشمی سے ملاقات میں گورنر کو مبارکباد دی

صدر نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما نہال ہاشمی کو گورنر سندھ تعینات ہونے پر مبارک باد دی اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق سینیٹر نہال ہاشمی کو گورنر سندھ تعینات کرنے کی منظوری دے دی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے وزیراعظم شہباز شریف کی ایڈوائس پر آئین اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آرٹیکل 48 اور 101 کے تحت گورنر سندھ کے عہدے کے لیے نہال ہاشمی کی تقرری کی سمری کی منظوری دے دی۔ صدر آصف علی زرداری نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما نہال ہاشمی کو گورنر سندھ تعینات ہونے پر مبارک باد دی اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سمری منظوری کے لئے صدر پاکستان کو بھجوائی، وزیراعظم کی نہال ہاشمی سے ملاقات ہوئی جس میں وزیراعظم نے نہال ہاشمی کو مبارکباد دی۔ خیال رہے کہ مخلوط پارٹی کے متعدد رہنما کامران ٹیسوری کو ہٹانے کا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی اڈے بند کریں ورنہ حملوں کیلئے تیار رہیں

نومنتخب ایرانی سپریم لیڈر

آبنائے ہرمز کو بند رکھا جائے گا، دشمن پر دباؤ ڈالنے کیلئے آبنائے ہرمز کو بند رکھنا چاہئے، ایرانی رہنماؤں اور عوام کے درمیان رابطہ ہمیشہ قائم رہے گا، دشمن ایرانی عوام کو نشانہ بنا رہے ہیں، عوامی یکجہتی کے ساتھ دشمن کو شکست دیں گے

ہم اپنے شہداء خصوصاً مناب اسکول کے شہداء کا بدلہ لئے بغیر نہیں رہیں گے، دشمن کو ایرانیوں کے خون کا حساب دینا پڑے گا، ہم پڑوسیوں سے دوستانہ روابط پر یقین رکھتے ہیں، ہم صرف فوجی اڈوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، پیغام

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے شہدا کے خون کا بدلہ لینے کا اعلان کر دیا اور کہا کہ مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی اڈے بند کریں، ورنہ حملوں کیلئے تیار رہیں۔ اپنے آڈیو پیغام میں ایران کے نئے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا کہ ہم اپنے شہداء خصوصاً مناب اسکول کے شہداء کا بدلہ لئے بغیر نہیں رہیں گے، دشمن کو ایرانیوں کے خون کا حساب دینا پڑے گا۔ مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا کہ آبنائے ہرمز کو بند رکھا جائے گا، دشمن پر دباؤ ڈالنے کیلئے آبنائے ہرمز کو بند رکھنا چاہئے، ایرانی رہنماؤں اور عوام کے درمیان رابطہ ہمیشہ قائم رہے گا۔ ایرانی سپریم لیڈر نے کہا کہ میرا مجدد ٹھوسے کی چیزوں کا بدلہ لئے بغیر نہیں رہیں گے، دشمن ایرانی عوام کو نشانہ بنا رہے ہیں، عوامی یکجہتی کے ساتھ دشمن کو شکست دیں گے۔ مجتبیٰ خامنہ ای کا کہنا تھا کہ عوام کی حمایت کے تناظر کر رہا ہے، دشمن ایرانی عوام کو نشانہ بنا رہے ہیں، عوامی یکجہتی کے ساتھ دشمن کو شکست دیں گے۔ مجتبیٰ خامنہ ای کا کہنا تھا کہ عوام کی حمایت کے بغیر میری کوئی اہمیت نہیں، ایرانی عوام کا اتحاد ہمیشہ قائم رہے گا، ہمیں اپنے دشمن کو شکست دینی ہے۔ ایرانی سپریم لیڈر نے کہا کہ عوام نے دنیا کو دکھایا ایرانی عظیم قوم ہے، مشرق وسطیٰ میں امریکی اڈے بند کئے جائیں، امریکی اڈے بند نہ ہوئے تو حملے جاری رہیں گے۔ مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا کہ ہم پڑوسیوں سے دوستانہ روابط پر یقین رکھتے ہیں، ہم صرف فوجی اڈوں کو نشانہ بنا رہے ہیں اور یہ نہ گزیر ضرور ہے۔ اللہ تعالیٰ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

پیٹرولیم کے بعد حکومت نے درآمدی آر ایل این جی بھی مہنگی کر دی

سوئی ناردرن کے لیے ایل این جی فی ایم بی ٹی یو 622 روپے مہنگی کر دی

اوگرا نے مارچ کے لیے درآمدی ایل این جی کی قیمتوں میں بڑا اضافہ کر دیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پیٹرولیم مصنوعات کے بعد وفاقی حکومت نے درآمدی آر ایل این جی بھی مہنگی کر دی۔ اوگرا نے مارچ کے لیے درآمدی ایل این جی کی قیمتوں میں بڑا اضافہ کر دیا جب کہ سوئی ناردرن کے لیے ایل این جی فی ایم بی ٹی یو 622 روپے مہنگی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سندھ ریونیو بورڈ کی کارکردگی اور حقیقی کے انکوئی کا جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی کو 24 یا 25 مارچ کو تیسرا انجیکشن لگے گا، طارق فضل چودھری

بانی کو علاج کیلئے اسپتال لانے کی ضرورت ہے تو بالکل انہیں دوسرتبہ اسپتال لایا گیا

بانی پی ٹی آئی کا علاج ہماری ذمہ داری ہے اور ہم اس میں کوئی کوتاہی نہیں کر رہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چودھری کا کہنا ہے جب ڈاکٹرز نے محسوس کیا کہ بانی پی ٹی آئی کو علاج کیلئے اسپتال لانے کی ضرورت ہے تو بالکل انہیں دوسرتبہ اسپتال لایا گیا۔ انہوں نے کہا بانی پی ٹی آئی کا علاج کی بہترین سہولیات مہیا کی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

کراچی: آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو سے انڈونیشیا کے قونصل جنرل ملاقات کر رہے ہیں

اسرائیل کا ایران میں جوہری تنصیب پر حملہ عراق میں آئل ٹینکرز تباہ

ریسکیو آپریشن کے دوران 39 افراد کو بحفاظت بچالیا گیا جن کی حالت خطرے سے باہر ہے، آئل ٹینکرز میں مجموعی طور پر 40 سے زائد افراد سوار تھے

عمان کی بندرگاہ صلالہ میں بھی ڈرون حملوں کے بعد ایندھن کے ذخائر میں آگ لگنے کی اطلاعات، وہاں بھی آپریشن روک دیا گیا

اسرائیلی فوج کا تہران کے قریب ایک اہم جوہری تنصیب پر حملے کا دعویٰ، جوہری تنصیبت نزدیک ہونے کے باعث شدید نقصان کا خدشہ

ایران کے ممکنہ اہداف میں ایمیزون، گوگل، مائیکروسافٹ اور ایپل جیسے بڑے اداروں کے دفاتر شامل ہو سکتے ہیں، ایرانی خبر رساں ایجنسی

تہران (بائیٹرنگ ڈیسک) اسرائیل نے تہران میں جوہری تنصیبات کو نشانہ بنانے کی کوشش کی ہے جب کہ ایران نے عراق کے قریب دو آئل ٹینکروں پر حملہ کر دیا جس میں عملے کا ایک رکن بھی ہلاک ہو گیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق عراق کے قریب دو آئل ٹینکر حملوں کی زد میں آ گئے جس میں مجموعی طور پر 40 زائد افراد سوار تھے۔ ریسکیو آپریشن کے دوران 39 افراد کو بحفاظت بچالیا گیا جن کی حالت خطرے سے باہر ہے جب کہ ایک شخص ہلاک ہو گیا۔ شبہ ہے کہ دونوں آئل ٹینکر پر حملوں کے پیچھے ایران کا ہاتھ ہے جو ہم ایران نے عراق کے ایمیزون ویب سروسز کے ڈیٹا سینٹر پر حملہ کیا ہے جس کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ عراق کے ایمیزون ڈاٹ کام کے ایک ڈیٹا سینٹر سے باہر ہے جب کہ عمان کی بندرگاہ صلالہ میں بھی ڈرون حملوں کے بعد ایندھن کے ذخائر میں آگ لگنے کی اطلاعات ہیں۔ وہاں بھی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

سندھ سیکریٹریٹ کے قریب اسٹریٹ لائٹ پول خطرہ بن گیا

حلف برداری کے بعد اپنی ترجیحات سے آگاہ کروں گا، نامزد گورنر سندھ

کراچی (ویب ڈیسک) نہال ہاشمی نے وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے گورنر سندھ نامزد ہونے کے بعد اپنے پہلا بیان دے دیا۔ نہال ہاشمی نے بیان میں کہا کہ گورنر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 46

بانی کی آنکھ کے معاملے پر پوری جماعت اور پاکستان میں تشویش ہے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بانی نے ایک ہزار دن جیل میں گزارے ہیں، ایک دن ٹھٹا اسپتال منتقل ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

پاکستانی وفد کا دورہ افغانستان نجی حیثیت میں ہے، ترجمان دفتر خارجہ

وزیراعظم نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے بھی رابطہ کر کے خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی نے کہا ہے کہ ایران کے چیل بردار جہازوں سے متعلق معاملات ایران اور متعلقہ حکومتوں کے درمیان ہیں اور پاکستان کا اس پر کوئی تحفظات مقف نہیں، جبکہ ایران اور بھارت کے درمیان چیل آنے والے معاملات پر پاکستان براہ راست کوئی تبصرہ نہیں کر سکتا۔ بشنو اربر بنگ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستانی قیادت کے ایران سمیت خطے کے اہم ممالک کے ساتھ مسلسل سفارتی رابطے جاری ہیں اور تاب ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

سائبر حملوں کے خطرات، مقامی طور پر تیار کردہ خودکار ویب مانیٹرنگ سسٹم فعال

ویب مانیٹرنگ سسٹم ویب سائٹس پر سائبر حملوں کی ریکل ٹائم نشاندہی کرتا ہے، بیٹھک سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان کی سرکاری ویب سائٹس پر سائبر حملوں کے بڑھتے خطرات سے نمٹنے کیلئے بیٹھک سرٹ الرٹ نے مقامی طور پر تیار کردہ خودکار ویب مانیٹرنگ سسٹم فعال کر دیا ہے۔ بیٹھک سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم نے 1500 سے زائد سرکاری ویب سائٹس اور ایپلی کیشنز کی ریکل ٹائم نگرانی کی مہم شروع کر دی۔ ویب مانیٹرنگ سسٹم ویب سائٹس پر سائبر حملوں کی ریکل ٹائم نشاندہی کرتا ہے۔ پاکستان کی 1527 سرکاری اور اہم ویب سائٹس کی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

گورنر کو ہٹا کر وفاق نے ایم کیو ایم کو خیر باد کہہ دیا

فاروق ستار

گورنر سندھ کو ہٹانے کا فیصلہ جاگیرداروں وڈیروں کو خوش اور بلیک میلنگ میں آ کر کیا گیا ہے یہ فیصلہ بالا ہی بالا کیا گیا ہے

اب ایم کیو ایم کا اخلاقی جواز نہیں بنتا کہ وہ اب حکومت میں رہے، گورنر کو ہٹانے کے سلسلے میں اپنا بیانیہ پارٹی قیادت کو پہنچا دیا

وفاقی حکومت نے کامران ٹیسوری کے حوالے سے فیصلہ کر کے سنگین غلطی کی اور ایم کیو ایم کو بھی اس پر اعتماد میں نہیں لیا، گفتگو

کراچی (ویب ڈیسک) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ کامران ٹیسوری کو گورنر کے عہدے سے ہٹانے کا فیصلہ جاگیرداروں اور وڈیروں کی بلیک میلنگ کیوجہ سے کیا گیا ہے۔ گورنر ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے بہت فلاحی کام کیے ہیں۔ انہوں نے کہا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

فی الحال کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ پیٹرولیم مہنگا ہوگا یا نہیں، علی پرویز

جمعہ کو اوسط نرخوں کی بنیاد پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین ہوگا، وزیر پیٹرولیم

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کا اعلان آج کیا جائے گا۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہیکہ عالمی مارکیٹ میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف کے پریس ریلیز جاری ہو چکا ہے، آئی ایم ایف کے مطابق مشرق وسطیٰ جنگ کے پاکستانی معیشت پر اثرات کو دیکھا جا رہا ہے، اگر جنگ طویل ہوئی تو بیرونی ادائیگیوں پر دباؤ بڑھے گا، اس جنگ کی وجہ سے ترسیلات زر متاثر ہو سکتی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

کراچی: اعتکاف میں بیٹھے روزے دار مسجد میں آرام کر رہے ہیں

وزیر خزانہ کا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافے کا عندیہ

ہمارے تیل کے دو جہاز آبنائے ہرمز میں پھنسے ہوئے ہیں، وزیراعظم کی ہدایات پر ہم بچت اور کفایت شعاری کر رہے ہیں، وفاقی وزیر وزیر خزانہ اورنگزیب

یکم مارچ کو ڈیزل کا ریٹ 88 ڈالر فی بیرل اور 6 مارچ کو 149 ڈالر پر پہنچا، جو کار کو 7 لاکھ ڈالر ملتا تھا وہ کار کو اب 70 لاکھ ڈالر کا ملتا ہے، اجلاس میں گفتگو

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے پٹرولیم مصنوعات میں مزید اضافے کا عندیہ دے دیا۔ بیجٹ تقاریر کیلئے وزیر خزانہ نے اجلاس میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافے کا عندیہ دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایات پر ہم بچت اور کفایت شعاری کر رہے ہیں، مگر آنے والے دنوں میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔ وزیر پٹرولیم ڈویژن کا کہنا تھا کہ پاکستان میں پانچ ریفائنری پلانٹس ہیں اور وہ پرانے ہیں، سعودی عرب کی جانب سے کروڈ آئل پاکستان کو دیا جا رہا ہے، جس میں پاکستان کو رشن پر رعایت دی گئی، ہمارے تیل کے دو جہاز آبنائے ہرمز میں پھنسے ہوئے ہیں۔ وزیر پٹرولیم ڈویژن نے کہا کہ یکم مارچ کو ڈیزل کا ریٹ 88 ڈالر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

کراچی: آئی آئی چندریگر روڈ پر افطار سے پہلے ٹریفک جام ہے

وزیراعظم شہباز شریف سرکاری دورے پر سعودی عرب پہنچ گئے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف سرکاری دورے پر سعودی عرب پہنچ گئے۔ وزیراعظم آفس کے مطابق شہباز شریف ولی عہد محمد بن سلمان کی دعوت پر سعودی عرب کا دورہ کر رہے ہیں، جانب وزیراعظم ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات

اسلام آباد (ویب ڈیسک) برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کی جمعیۃ آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ملاقات، پاکستان اور خطے کی سیاسی و سیکورٹی صورتحال پر بات چیت ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

عمران خان کی نجی اسپتال منتقلی کی درخواست مسترد، میڈیکل بورڈ بنانے کا حکم

ہم نے گوگل بھی چیک کیا تھا، ڈاکٹر ندیم قریشی، بہترین ریٹینا سپیشلسٹ ہیں، آپ انکو شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کر کے ٹیسٹ کر لیں، جسٹس ارباب

اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس خادم حسین سومرو اور جسٹس ارباب محمد طاہر نے بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق درخواست پر تحریری حکم جاری کیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے عمران خان کی نجی اسپتال منتقلی کی درخواست مسترد کرتے ہوئے میڈیکل بورڈ تشکیل دینے کا حکم دیدیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں عمران خان کی نجی اسپتال منتقلی کی درخواست پر سماعت ہوئی، جسٹس ارباب طاہر نے وکیل درخواست گزار سے کہا کہ ہم نے گوگل بھی چیک کیا تھا، ڈاکٹر ندیم قریشی بہترین ریٹینا سپیشلسٹ ہیں، آپ ان کو شفا انٹرنیشنل اسپتال منتقل کر کے ٹیسٹ کرلیں۔ سعدات نے کہا کہ ہم ایڈووکیٹ جنرل ایاز شوکت نے کہا کہ ہم ذمہ داری لیں گے۔ سعدات نے عمران خان کی جیل سے نجی اسپتال منتقلی کی درخواست ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

ہم یہ نہیں کہیں گے کہ تین دن یا تین روز میں، دیکھ لیں سہ ساری ذمہ داری آپ نے لے رہے ہیں، اگر کل کچھ ہو گیا تو کیا آپ ذمہ داری لیں گے، اس پر

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | شیئرنگ ایڈیٹر: کاشف مصطفیٰ

پبلشر محمد حنیف نے آفسٹ پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42 فرفلور، ہینڈی کراف بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448 | 021-35210448
021-36450295
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

توانائی، بحران اور قومی ذمہ داری کا تقاضا

مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی اور بحیرۂ جنوبی چینی میں جنگی سرگرمیاں نے پوری دنیا کی معیشت اور توانائی کے نظام کو غیر یقینی کیفیت سے دوچار کر دیا ہے۔ تیل اور گیس سے وابستہ ممالک میں عدم استحکام کا براہ راست اثر عالمی منڈیوں پر پڑتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ جیسے ہی اس خطے میں تنازعہ شدت اختیار کرتا ہے، عالمی تیل پر پڑنے والے اثرات کی خبریں اور اضافہ اور سپلائی میں خدشات پھیلنا شروع ہو جاتے ہیں۔ پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک کے لیے یہ صورتحال خاص طور پر تشویشناک ہوتی ہے کیونکہ یہاں توانائی کی ضروریات کا بڑا حصہ درآمدی تیل پر منحصر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب بھی عالمی سطح پر توانائی کا بحران پیدا ہوتا ہے تو اس کے اثرات پاکستانی معیشت، صنعت، زراعت اور عام شہری کی زندگی تک پہنچتے ہیں۔ موجودہ صورتحال میں جب مشرق وسطیٰ میں جاری تنازعہ عالمی توانائی مارکیٹ کو متاثر کر رہا ہے تو پاکستان کے مختلف سرکاری اور نجی اداروں کے لیے یہی کہنا ہے اور توانائی کے محاذ پر بحران پیدا ہو سکتا ہے تو اس کے اثرات پاکستانی معیشت، صنعت، زراعت اور عام شہری کی زندگی تک پہنچتے ہیں۔ موجودہ صورتحال میں جب مشرق وسطیٰ میں جاری تنازعہ عالمی توانائی مارکیٹ کو متاثر کر رہا ہے تو پاکستان کے مختلف سرکاری اور نجی اداروں کے لیے یہی کہنا ہے اور توانائی کے محاذ پر بحران پیدا ہو سکتا ہے تو اس کے اثرات پاکستانی معیشت، صنعت، زراعت اور عام شہری کی زندگی تک پہنچتے ہیں۔ اس سلسلے میں زری ترقیاتی بینک لمیٹڈ یعنی زیڈ ٹی بی ایل کی جانب سے ایدعمن کے استعمال میں بچیں فیصد کی شرح کو مزید ایک چیلنج قرار دیا جا رہا ہے جو نہ صرف ادارہ جاتی نظم و ضبط کی عکاسی کرتا ہے بلکہ قومی مفاد کے ساتھ وابستگی کا عملی اظہار بھی ہے۔

پاکستان اس وقت پہلے ہی توانائی کے متعدد چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے۔ ملک میں تیل اور گیس کی درآمد کے ذریعے روزانہ ہزاروں افراد کے روزگار وابستہ ہیں۔ فیڈ آفیسرز، زری بانڈز اور بینک کے دیگر ایکاؤنٹ مختلف علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں تاکہ کسانوں کو حیاتیاتی فرٹیلائزر کی جانکاری دی جا سکے۔ یہی وجہ ہے کہ ادارے کے آپریشنز میں ایدعمن کا استعمال بھی ایک اہم عنصر ہے۔ تاہم موجودہ صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے ادارے کے انتظامیہ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ایدعمن کے استعمال کو کم کیا جائے اور ایسے طریقے اختیار کیے جائیں جن سے کم لاگت میں کام چلایا جا سکے اور توانائی کی بچت بھی ممکن ہو۔

ایدعمن کے استعمال میں بچیں فیصد کی کمی بظاہر ایک اداریہ جاتی پالیسی معلوم ہوتا ہے لیکن اس کے اثرات کسی نہ زیادہ وسیع ہیں۔ اگر ایک بڑا قومی ادارہ اس طرح کا قدم اٹھاتا ہے تو اس سے دیگر سرکاری اور نجی اداروں کو بھی حوصلہ ملتا ہے کہ وہ اپنے وسائل کے استعمال کا از سر نو جائزہ لیں۔ پاکستان جیسے ملک میں جہاں توانائی کے وسائل پہلے ہی محدود ہیں وہاں اس طرح کے اقدامات نہایت اہمیت رکھتے ہیں۔ اگر برادارہ اور ہر قومی ادارہ اپنی سطح پر تھوڑی سی بچت بھی کرے تو مجموعی طور پر ایک بڑا اثر پیدا ہو سکتا ہے۔

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ پاکستان کا ایک اہم مالیاتی ادارہ ہے جو بنیادی طور پر زراعت شعبے کی ترقی کے لیے کام کرتا ہے۔ ملک کے دیہی علاقوں میں کسانوں کو قرضہ فراہم کرنا، بنکاری سہولیات مہیا کرنا اور دیہی معیشت کو مستحکم کرنا اس ادارے کی بنیادی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ اس لیے یہ ادارہ

سید عبدالرحمان رضوان

عوامل صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت کے ساتھ ساتھ مختلف اداروں اور کوششی اپنی سطح پر اپنے اپنے کام کر رہے ہیں جن سے توانائی کے وسائل کا بہتر استعمال ممکن ہو سکے۔ زری ترقیاتی بینک لمیٹڈ کا ایدعمن کے استعمال میں کمی کا فیصلہ اسی شعور اور ذمہ داری کی عکاسی کرتا ہے۔ اس فیصلے کے ذریعے مصرف ادارے کے اندر توانائی کی بچت کو فروغ دیا جا رہا ہے بلکہ دیگر اداروں کے لیے بھی ایک مثال قائم کی جا رہی ہے کہ حکومت نے نہ صرف قومی مفاد کو مقدم قرار دے کر ادارہ جاتی سطح پر بھی اپنی بچت کی پالیسی پر عمل کیا ہے بلکہ دیگر اداروں کے لیے بھی یہ مثال قائم کی جا رہی ہے کہ حکومت نے قومی مفاد کو مقدم قرار دے کر ادارہ جاتی سطح پر بھی اپنی بچت کی پالیسی پر عمل کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب کسی ادارے کی جانب سے یہ اقدامات کیے جاتے ہیں تو یہ صرف ادارہ جاتی سطح پر ہی نہیں بلکہ قومی سطح پر بھی اپنا اثر پیدا کرتے ہیں۔ اس طرح مصرف وقت کی بچت ہوتی ہے بلکہ ایدعمن کے اخراجات میں بھی نمایاں کمی آتی ہے۔

توانائی کے بحران کے تناظر میں اس اقدام کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ پاکستان برسہا برس اربوں ڈالر مالیت کا تیل درآمد کرتا ہے جس کا بڑا حصہ اسٹرٹیجک منڈی میں بچتیں بڑھا دیں تو درآمدی مالی بھی بڑھ جاتا ہے اور اس کا براہ راست فائدہ قومی معیشت پر پڑتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت اور اداروں کی جانب سے توانائی کی بچت کے اقدامات کو بھیڈ ایبت دی جاتی ہے۔ توانائی کی بچت کی جانے کیلئے متبادل ذرائع توانائی کو بھی فروغ دیا جائے۔ شمسی توانائی، ہوا سے بجلی پیدا کرنے کے منصوبے اور پن بجلی کے ذخائر کی بہتر حوالے سے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ جیسے اداروں کی ذمہ داری اس لیے بھی زیادہ ہے کیونکہ ان کا تعلق براہ راست دیہی معیشت سے ہے۔ اگر دیہی علاقوں میں توانائی کی بچت اور موثر استعمال کے طریقے اپنائے جائیں تو اس کے مثبت اثرات پورے ملک پر مرتب ہو سکتے ہیں۔ کسان کو بھی اس حوالے سے آگاہی فراہم کی جا سکتی ہے۔

پاکستان کی فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری

افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے خلاف پاک فوج کی موثر جوابی کارروائیاں جاری ہیں جن میں پاک فوج نے ارندو اور کرم سیکٹر میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے اہم پوسٹوں اور مراکز کو چھڑا دیا۔ ان موثر حملوں اور جوابی کارروائیوں کے نتیجے میں بزدل افغان طالبان پوسٹیں چھوڑ کر فرار ہو گئے جبکہ پاک افواج افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں اور صرف فوجی تنصیبات کو نشانہ بنا رہی ہیں۔ ادھر، چین نے کہا ہے کہ افغانستان میں موجود دہشت گرد تنظیمیں پڑوسی ممالک کے لیے سنگین خطرہ ہیں، طالبان رژیم ان کا خاتمہ کرے۔ اقوام متحدہ میں چین کے مستقل مندوب فو کونگ نے طالبان رژیم پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ افغانستان میں فتنہ الخوارج، ای ٹی آئی ایم، داعش اور دیگر دہشت گرد تنظیمیں سرگرم ہیں۔ چین افغانستان سے ہونے والی ہر قسم کی دہشت گردی کی سخت اور بھرپور مذمت کرتا ہے۔ چین کی طرف سے جو بات کہی گئی ہے، پاکستان ایک طویل عرصے سے یہی کہتا آ رہا ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ افغانستان میں شرپسند عناصر ہمیشہ کام تام تو لیتے ہیں لیکن ان کا رویہ مذہب کی تعلیم کے خلاف ہے۔ معصوم اور بے گناہ لوگوں کا خون بہانے کی کسی بھی مذہب میں اجازت نہیں ہے لیکن اس کے باوجود افغانستان میں موجود دہشت گرد عناصر خود کو مذہب کا ٹھیکیدار قرار دیتے ہوئے یہ کام مسلسل کر رہے ہیں۔ پاکستان افغانستان میں قائم طالبان کی عبوری حکومت کو کئی بار یہ احساس دلا چکا ہے کہ سرحد پار سے آنے والے تخریب کار پاکستان کے لیے مسائل کا باعث بن رہے ہیں لیکن افغان طالبان کی طرف سے ان کے خلاف کوئی ٹھوس کارروائی نہیں کی گئی۔ اس دوران افغان طالبان نے پاکستان کو مطمئن کرنے کے لیے بار بار یہ ضرور کہا کہ ہم اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیں گے لیکن اس سلسلے میں عملی اقدام کچھ نہیں کیا۔ مزید افسوس ناک بات یہ ہے کہ دہشت گرد عناصر یہ سب کچھ بھارت کے ایما پر کر رہے ہیں جس کی حکومت مسلمانوں کے خون کی پیاسی ہے اور اپنے ملک میں شرپسند عناصر کو شہ دے کر ان سے مسلمانوں کا بھیا حرام کر رہی ہے۔ اب پاکستان نے افغان طالبان سے مایوس ہو کر سرحد پار موجود تخریب کاروں کے خاتمے کا کام خود شروع کیا ہے تو افغان طالبان شور مچا رہے ہیں۔ طالبان رجیم کو ہوش کے ناخن لیتے ہوئے غلطی میں امن کے قیام کے لیے کردار ادا کرنا چاہیے۔ افغان سرزمین کو دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہونے دینا ہی وقت کا تقاضا ہے۔

زراعت کی تباہی۔۔۔۔ذمہ دار کون؟

چوہدری ریاض مسعود

عرصہ دراز سے ہم یہ پڑھتے آ رہے ہیں کہ زراعت کو ہماری معیشت میں بنیادی حیثیت حاصل ہے اور ہماری آبادی کا ساٹھ فیصد دیہی علاقوں میں رہتا ہے۔ یہ کہ ہماری مکئی برآمدات کا 50 سے 60 فیصد حصہ زری شیشے کا عالمی مرہون منت ہے اور یہ شعبہ 40% سے زائد لوگوں کو اپنے گھروں کے قریب ہی با عزت روزگار فراہم کرتا ہے اور سب سے اہم کہ ہماری GDP میں 28 فیصد کے لگ بھگ زری شیشے کا حصہ ہے۔ بچگی معیشت کا گراف نیچے جانے کا باعث بنتی زری شیشے کی شرح نمو بیشہ سے ہی حوصلہ افزا رہی ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ دنیا بھر میں پاکستان کو کنگرم، بھوٹل اور کیپاس کا ملک کہا جاتا تھا۔ کس قدر دکھ کی بات ہے کہ اب یہ ملک بھوکوں کی بلینیوں کی جوہ سے صورتحال تشویش ناک حد تک بدل چکی ہے۔ ہمارا زری رقبہ اور اہم فصلوں کی ایکڑ پیداوار میں خاص کمی ہو چکی ہے کیونکہ زری ماہرین کی نگاہ، پانی زرعی ادویات اور زرعی آلات و اوزار بلیک کے نرخ پر بھٹے ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے کاشتکاروں کے فی ایکڑ پیداوار کی اخراجات ریکارڈ حد تک بڑھ چکے ہیں یہی وجہ ہے کہ اب کاشتکار اپنی کاشت کرنے کی بجائے کھیت کو خالی چھوڑنا بہتر سمجھتے ہیں۔ اگر کاشتکار کی فصل اچھی ہو جائے تو اسے بیچنے کے لئے خریدار نہیں ملتا مثلاً ابھی آلو کی بمپر پیداوار ہوئی ہے جو سے کاشتکار اسے فروخت کرنے کے لیے در بدر لئے کھارہا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ اگر کسی بھی سیکٹر پر تجزیہ کیا جائے تو پیشہ ور ماہرین اور بھتوتی صنعتی ماہرین کو کنٹاکٹ کیا جائے تو وزیر اعظم سمیت تمام وزیر، مشیر اور بھتوتی صنعتی فورا حرکت میں آ جاتی ہے اور منوں، ٹنوں، کلوگرام میں ان کا سٹیٹس ہو جاتا ہے کیونکہ اصلاحات اور تجاویز کے اندر دسوخ ہی وجہ ہے کہ معیشت پر ان کا پریشر بیشہ کا کر رہا ہے جبکہ غریب کاشتکار کی کوئی داد فریاد سننے والا ہی نہیں ہے۔ دکھ کی بات تو یہ ہے کہ دیہی علاقوں سے کاشتکاروں کے دونوں سے منتخب ہونے والے عوامی نمائندے بھی ایوانوں میں کسانوں کے مسائل کے بارے میں آواز بلند نہیں کرتے۔ قارئین کو یہ جان کر حیرت ہو گی کہ اس So Called زرعی ملک میں وفاقی وزارت خوراک و زراعت، لائیو سٹاک کا عرصہ دراز سے کوئی منسٹر کوئی وزیر مملکت کوئی مشیر کوئی وزیر نہیں ہے اور یہ وزارت پچھلی دو حکومتوں سے ہی بند پڑی ہے کیونکہ زری وزارت کی کیکر کی ایک الگ داستان ہے کیونکہ زری وزارت کی کارکردگی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ حکومت نے نہ ہی تحفظ کا قومی ادارہ پاسکو بند کر دیا ہے یہ ہے ہماری حکومت کی وزارت کے ساتھ بی دھوت۔ پاکستان جیسے زرعی ملک میں اگر ہم وزارت خوراک وزراعت کو زراعت میں کیا خاک ترقی کریں گے؟ کیا ماہرات تھکران یہ بات نہیں کرتے کہ کیا ہم بھروسوں کی سٹیج پر خوراک، زراعت، لائیو سٹاک کے الگ الگ وزارتیں کیوں قائم نہیں؟؟ اس لئے حکومت کو چاہیے کہ وہ چھٹیل فوڈ سیکورٹی کی وزارت کا قائم عمل کر کے اور وزارت خوراک، زراعت، لائیو سٹاک کو الگ الگ کر دے۔ دوسری بات یہ کہ حکومت کسانوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لئے اسی ہفتے سے فوراً ایکشن کرے جس طرح تو تاڑوں اور مسکاروں کیمعمولی سی خلاف ورزیوں میں تھیسیوں ریفیف اور دیگر مراعات دیتے ہیں اور مسکاروں کے مطالبے پر دی گئے ہیں ویسا ہی طرف زراعت و ٹمن کیلئے حکومت کسانوں کو زری قرضے دینے والے سب سے بڑے بنک زری ترقیاتی بنک کو بیگاری کی چھری چلانے کے پیکر ہے۔ حکومت یہ بات یاد رکھے کہ اس کسان دوست زری ترقیاتی بنکنگی بیگاری سے جہاں گراس روٹ لیول پر اس بنک کے ہزاروں ملازمین بے روزگار ہو جائیں گے اور لاکھوں کسان چھوٹے اور درمیانے کاشتکار کی بھی ہاتھ دھونیں پڑیں گے۔ اس وقت مختلف سرکلز اور پرائیویٹ بنک اگر چہ کسانوں کو زری قرضے بھی دے رہے ہیں لیکن وہ زری ترقیاتی بنک جیسی مراعات نہیں دے سکتے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ زراعت اور کسانوں کی سہولت اور مدد کے لئے زری ترقیاتی بنک کو زری معیشت کی بحالی کے لیے زری ترقیاتی بنک کی بیگاری کے منصوبے کو ختم کرے حکومت کو چاہیے کہ وہ زراعت کی بحالی کے لئے ملک میں ہر طرح کے زری تحقیق کو فروغ دے۔ زری تحقیق اداروں کو فعال کرے۔ مختلف فصلوں کے زیادہ پیداوار دینے والے اور بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت رکھنے والے بیجوں کی افزائش پر توجہ دے، اس کے علاوہ بیج اور کھاد، زری ادویات میں ملاوٹ کا عمل خاتمہ کرے۔ کسانوں کو پھوہ ڈیزل آلات سستے داموں فراہم کرنے اور نجیب بیلوں کے لئے کیلئے اور ڈیزل کی موجودہ قیمتوں میں کم از کم 50 فیصد کی فوری کمی کریں۔ کسانوں کو مرکوباری زری بنک کو پرائیویٹ بنک بنا دینے کی سازش کو ناکام اور کسانوں کو ہر سطح پر خوراک، زراعت، لائیو سٹاک کے الگ الگ وزارتیں کیوں قائم نہیں؟؟ اس لئے حکومت کو چاہیے کہ وہ زراعت کو ترجیحی بنیادوں پر قائم کرے۔ کسانوں کو زری قرضے دینے والے سب سے بڑے بنک زری ترقیاتی بنک کو بیگاری کی چھری چلانے کے پیکر ہے۔ حکومت یہ بات یاد رکھے کہ اس کسان دوست زری ترقیاتی بنکنگی بیگاری سے جہاں گراس روٹ لیول پر اس بنک کے ہزاروں ملازمین بے روزگار ہو جائیں گے اور لاکھوں کسان چھوٹے اور درمیانے کاشتکار کی بھی ہاتھ دھونیں پڑیں گے۔ اس وقت مختلف سرکلز اور پرائیویٹ بنک اگر چہ کسانوں کو زری قرضے بھی دے رہے ہیں لیکن وہ زری ترقیاتی بنک جیسی مراعات نہیں دے سکتے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ زراعت اور کسانوں کی سہولت اور مدد کے لئے زری ترقیاتی بنک کو زری معیشت کی بحالی کے لیے زری ترقیاتی بنک کی بیگاری کے منصوبے کو ختم کرے حکومت کو چاہیے کہ وہ زراعت کی بحالی کے لئے ملک میں ہر طرح کے زری تحقیق کو فروغ دے۔ زری تحقیق اداروں کو فعال کرے۔ مختلف فصلوں کے زیادہ پیداوار دینے والے اور بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت رکھنے والے بیجوں کی افزائش پر توجہ دے، اس کے علاوہ بیج اور کھاد، زری ادویات میں ملاوٹ کا عمل خاتمہ کرے۔ کسانوں کو پھوہ ڈیزل آلات سستے داموں فراہم کرنے اور نجیب بیلوں کے لئے کیلئے اور ڈیزل کی موجودہ قیمتوں میں کم از کم 50 فیصد کی فوری کمی کریں۔ کسانوں کو مرکوباری زری بنک کو پرائیویٹ بنک بنا دینے کی سازش کو ناکام اور کسانوں کو زری ماہرین کی رائے

بقیہ نمبر 01

جارحیت کے خلاف پاک فوج کی جانب سے جاری اعلامیہ اور قطعہ کن جواب پاکستان کے اندر۔ دوسری جانب، ذرائع کا کہنا ہے کہ پاک فوج نے ڈوب سکتر سے ملحقہ سرحدی علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے افغان طالبان کی ایک پوسٹ کو نشانہ بنا کر تباہ کر دیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق اس کارروائی کے نتیجے میں افغان طالبان اور غیر الخوارج کے متاصر ہوا سے فرار ہونے پر مجبور ہو گئے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ آپریشن غضب للحق اپنے مقررہ اہداف کے حصول تک جاری رہے گا۔

بقیہ نمبر 02

رحمانا نہال پبلشی کو گورنر سندھ بنانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ وزیراعظم آفس کی جانب سے جاری اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے سمری منظوری کے لیے صدر پاکستان کو ارسال کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 03

کی رپٹرس بدر کرنے کی درخواست پر سماعت کی، مریم نواز کی جانب سے جاوید ارشد عالی ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ عدالت نے تفتیشی کی عدم پیشی اور ریکارڈ پیش نہ کرنے پر برہمی کی جب کہ مریم نواز اور نواز شریف کے خلاف چودہری شوگر مل کیس میں کرپشن کے شواہد نہیں ملے، لہٰذا عدالت مریم اور نواز شریف کے خلاف چودہری شوگر ملز کی تحقیقات بند کرنے کی منظوری دے۔

بقیہ نمبر 04

میں بتایا گیا کہ ایس آر پی نے ریونیو میں نمایاں اضافہ حاصل کیا ہے جس میں بلواسطہ ٹیکس کی ریکارڈ وصولی بھی شامل ہے، جس کے باعث یہ ادارہ سندھ کی مالی استحکام کا ایک اہم ستون بن کر سامنے آیا ہے۔ انہوں نے ایس آر پی کو بہادت دی کہ ٹیکس نیٹ کو مزید وسیع کیا جائے، ٹیکس چوری کے خلاف کارروائی کو تیز کیا جائے اور ڈیجیٹل اصلاحات کو مزید آگے بڑھایا جائے تاکہ ریونیو وصولیوں میں عالیہ پیش رفت کو مستحکم کیا جا سکے اور شفافیت میں اضافہ ہو۔ ایس آر پی کے چیئرمین محمد ارشد عالی کے مطابق ادارے نے رواں سہ ماہی میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا جس کی بڑی وجہ طویل اور مسلسل کوششوں کے بعد بقایاجات کی مد میں 9.5ارب روپے کی غیر معمولی وصولی تھی۔ فروری 2026ء میں مجموعی وصولی 34.86ارب روپے رہی جو فروری 2025ء میں جمع ہونے والے 24.664ارب روپے کے مقابلے میں 41فیصد زیادہ ہے۔ جولائی سے فروری کے دوران مجموعی وصولی 225.653ارب روپے رہی جو گزشتہ سال اسی مدت میں جمع ہونے والے 182.605ارب روپے کے مقابلے میں 24فیصد زیادہ ہے۔ درون اعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ اجلاس میں چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکریٹری آر ڈاصف عباس، سیکریٹری خزانہ فیاض حنوتی، چیئرمین سندھ ریونیو بورڈ اصف سمین، ڈپٹی کمشنر ڈائریکٹر ٹیکس انرجی بورڈ طارق علی شاہ، اکنامک سیکریٹری خزانہ اصغر میمن، ماہر معاشیات اسد سعید، ایس آر پی کے کنسلٹنٹ مشتاق بھٹی اور محکمہ خزانہ و ایس آر پی کے دیگر حکام نے شرکت کی۔ چیئرمین ایس آر پی واصف میمن نے درون اعلیٰ کو بتایا کہ مالی سال 25-2024ء میں ایس آر پی نے 306.6ارب روپے کی تاریخی وصولیاں کیں، جن میں سندھ سیلز ٹیکس آن سروسز (ایس ٹی) کی مد میں 284.4ارب روپے شامل ہیں۔ یہ رقم گزشتہ سال جمع ہونے والے 237ارب روپے کے مقابلے میں 29.5فیصد زیادہ ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ جون 2025ء میں ایس آر پی نے تاریخ کی سب سے زیادہ ماہانہ وصولی ریکارڈ کی جس میں 40.5ارب روپے سے تجاوز کر گئی۔ یہ ادارے کے قیام کے 15 سال بعد کسی بھی مہینے میں سب سے زیادہ وصولی تھی۔ چیئرمین نے بتایا کہ فروری 2026ء میں 9.5ارب روپے کے بقایاجات کی غیر معمولی وصولی کے باعث ریونیو میں نمایاں اضافہ ہوا۔ فروری 2026 کی مجموعی وصولی 34.86 ارب روپے رہی جو فروری 2025ء میں حاصل ہونے والے 24.664ارب روپے کے مقابلے میں 41فیصد زیادہ ہے۔ جولائی سے فروری کے دوران مجموعی وصولی 225.653ارب روپے رہی جو گزشتہ سال اسی عرصے کے 182.605ارب روپے کے مقابلے میں 24فیصد زیادہ ہے۔ وزیر اعلیٰ نے سندھ ریونیو بورڈ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنا ضروری ہے کیونکہ وہ اس نظام کے اہم شراکت دار ہیں۔ بلانک کے مطابق بندرگاہیں اور ٹرمینلز، کیپٹیکس، پیکیجنگ، فرنیچر، انشورنس اور کنسٹرکٹ ایگریگیشن کے شعبے صوبائی ریونیو میں نمایاں حصہ ڈالنے والوں میں شامل رہے۔ پورٹ، ایئرپورٹ اور ٹریفک آپریٹرز کا شعبہ سب سے بڑا حصہ دار رہا جس نے 40.2ارب روپے جمع کیے جبکہ ٹیلی کمیونیکیشن کا شعبہ 24.2ارب روپے کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا۔ دیگر نمایاں کارکردگی دکھانے والے شعبوں میں پیکیجنگ کا شعبہ 20.34ارب روپے، فرنیچر کا شعبہ 17.53ارب روپے اور انشورنس 14.56ارب روپے کے ساتھ شامل ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ دس بڑے شعبوں نے مجموعی طور پر 155.6ارب روپے ریونیو فراہم کیا جبکہ مزید 27ارب سگریٹ کے ایک ارب روپے سے زیادہ ریونیو دیا جس کا بیشتر حصہ کے دوران کئی نئے اجرے ہوئے شعبوں میں بھی نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ سافٹ ویئر اور آئی ٹی کنسلٹنسی سروسز میں 49فیصد، سامان کی نقل و حمل میں 50فیصد اور تعمیری و انجینئرنگ کنسلٹنسی میں 44 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ فنڈز اور اثاثہ جاتی انتظام کے شعبے نے پہلی مرتبہ بڑے ریونیو فراہم کرنے والے شعبوں کی فہرست میں جگہ بنائی اور 162 فیصد اضافے کے ساتھ 5.76ارب روپے ریونیو جمع کیا۔ اس اضافے کی وجہ پاکستان میں اثاثہ جاتی انتظام کی صنعت کا پھیلاؤ اور بہتر معاشی حالات تھے۔ عالمی اقتصادی مشکلات کے باوجود کارکردگی کی نمایاں رہی۔ حیدرآباد کمشنریٹ نے 20.9فیصد اضافہ ظاہر کرتا ہوا جمع کیا جو 38فیصد اضافہ ظاہر کرتا ہے، جبکہ سکھر اور لاڑکانہ کمشنریٹ نے مشترکہ طور پر 11ارب روپے جمع کیے جو 41فیصد اضافہ ظاہر کرتا ہے۔ چیئرمین ایس آر پی نے کہا کہ یہ اضافہ زیادہ خطرے والے شعبوں کی بہتر نگرانی، ٹیکس دہندگان کو سہولت کی فراہمی میں توسیع، وصولی مہمات اور ڈیجیٹل نظام کے بہتر استعمال کے باعث ممکن ہوا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مالی سال 25-2024ء کے دوران وہ بھاری ٹیکس ایجنسٹ کے ذریعے 48.42 ارب روپے جمع کیے گئے جبکہ گزشتہ سال یہ رقم 37.43ارب روپے تھی۔ سرکاری اکاؤنٹس دفاتر میں فائنل اکاؤنٹنگ اینڈ بجٹنگ سسٹم (ایف اے بی ایس) اور ایس ایم پی پلیٹ فارم کے ذریعے سندھ سیلز ٹیکس کی کٹوتیوں کے خودکار نظام نے شفافیت اور قواعد کی پابندی میں نمایاں بہتری پیدا کی ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ سندھ ورکرز ویلفیئر فنڈ (ایس ڈبلیو ڈبلیو ایف) اور سندھ ورکرز پارٹیسپیشن فنڈ (ایس ڈبلیو پی ایف) کے تحت وصولیوں میں بھی نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ایس ڈبلیو ڈبلیو ایف وگ نے مالی سال 25-2024ء میں 22.25ارب روپے جمع کیے، جو ظرفہ ہی شدہ ہدف 20.2ارب روپے سے زیادہ ہیں اور اس کامیابی ضابطہ جاتی چیلنجز کے باوجود 55فیصد اضافہ ظاہر کرتے ہیں۔ حکام نے وزیر اعلیٰ کو ادارہ جاتی اصلاحات سے بھی آگاہ کیا جن میں ایک خصوصی انجیل بفٹس، اوپنسٹی کیشن اور پرائیسی شن وگ کا قیام شامل ہے۔ اس اقدام کے بعد ایس آر پی پاکستان کی پہلی صوبائی ریونیو اتھارٹی بن گئی ہے جس نے ٹیکس فراڈ اور جعلی انوائسگ کے خلاف کارروائی کے لیے خصوصی تحقیقی ونگ قائم کیا ہے۔ بورڈ نے آڈٹ نظام، ڈیجیٹل ڈیٹس پورٹز، شکایات کے انتظام کے نظام اور ادارتی فائنگ پلیٹ فارمز کو مزید مضبوط بنایا ہے جن میں زرعی آمدنی ٹیکس کے لیے ای فائنگ نظام بھی شامل ہے۔ اس موقع پر سید مراد علی شاہ نے ایس آر پی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ صوبائی ریونیو میں اضافہ بہتر طرز حکمرانی، شفافیت اور ادارہ جاتی اصلاحات کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ ریونیو بورڈ نے گزشتہ برسوں کے دوران مسلسل پیش رفت دکھائی ہے اور 300ارب روپے کی حد عبور کر کا ایک اہم کامیابی ہے جو صوبائی مالیات کو مضبوط بنانے میں خدمات کے شعبے کی صلاحیت کو ظاہر کرتی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے ایس آر پی کو ہدایت دی کہ ٹیکس نیٹ کو مزید وسیع کیا جائے، غیر دستاویزی سروس فراہم کنندگان کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے اور ٹیکس چوری کے خلاف نفاذی اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے ڈیجیٹل انٹریشن اور ڈیٹا پر مبنی نگرانی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ آڈٹ کی پابندی اور ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوگی کا عمل استعمال ضروری ہے۔ مراد علی شاہ نے حکام کو ہدایت دی کہ محکمہ خزانہ اور دیگر اداروں کے ساتھ رابطہ مضبوط بنایا جائے تاکہ صوبے میں پائیدار ریونیو نمو کو یقینی بنایا جا سکے اور مالی استحکام بہتر ہو۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی ترجیح موجودہ ٹیکس دہندگان پر بوجھ بڑھائے بغیر ٹیکس نیٹ کو وسیع اور نظام کو مؤثر بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 05

کرتے ہوئے کامران ٹیسوری نے کہا کہ کوئی بھی ساری زندگی کسی منصب پر نہیں رہتا، میں گورنر، وفاقی وزیر گورنر نہیں تھا اور نہ رہنا چاہتا ہوں، منصب سنبھال کر وعدہ کیا تھا میں اللہ کی رضا کیلئے کام کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے کبھی ٹی وی پر دیکھا ہے اپنا باغی کو مار کہا زیادہ بتا ہوں، اور کوئیا ہوں آئیں اور جو انٹیلیجنٹ ذہم نے شروع کے ان کو جاری نہیں کیا، گلی بازیہ پر آواز اٹھانے اور کراچی پیکج کا فرض کی سزا دی گاتی تو یہ کام کرتا رہوں گا، وزیر میں لوگ جن کے سارے راز میں جانتا ہوں ہوں کیونکہ اس شہر نے بہت محبت دی، تاجر برادری، علما، تعلیق برادری سب لوگوں نے مجھے سپورٹ کیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ سیاست کی بات کریں تو ابھی تو پارٹی شروع ہوئی ہے خبر نہ کریں دیکھ کر جیتنے ہوئیں گ

حکومت سندھ کا کفایت شعاری اقدامات مزید سخت کرنیکا فیصلہ

اجلاس میں سرکاری محکموں کیساتھ بلدیاتی اداروں کی گاڑیوں کے ایندھن میں بھی 50 فیصد کمی، 60 فیصد حصہ فوری طور پر گراؤنڈ کرنے کا فیصلہ ہوا

وسائل کے محتاط استعمال کو یقینی بنا رہے ہیں، فیصلوں کا مقصد عوامی خدمات کی فراہمی متاثر ہوئے بغیر توانائی کے استعمال میں کمی لانا ہے، شرجیل میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حکومت سندھ نے توانائی کے محکمہ جنتھنجرٹ سنٹے کے لیے کفایت شعاری اقدامات مزید سخت کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے سرکاری افسران کے فیول میں 50 فیصد کمی کا اعلان کیا ہے۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کی زیرصدارت قائم کفایت شعاری کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں توانائی کے مؤثر استعمال، سرکاری اخراجات میں کمی اور دیگر انتظامی امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں سرکاری محکموں کے ساتھ بلدیاتی اداروں کی گاڑیوں کے ایندھن میں بھی 50 فیصد کمی اور سرکاری گاڑیوں کا 60 فیصد حصہ فوری طور پر گراؤنڈ کرنے کا فیصلہ ہوا۔ کفایت شعاری کمیٹی نے سیکرٹری ایس اے کو روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایات کی۔ اجلاس میں گراؤنڈ کی جانیوالی گاڑیوں کی نمبرز، دیگر تفصیلات جمع کرنے کے لیے پروفارما تیار کرنے اور کسی محکمے کے ہدایات کی خلاف ورزی پر متعلقہ گاڑی کو تحویل میں لینے کا فیصلہ کیا گیا۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ موجودہ حالات کے پیش نظر حکومت سندھ وسائل ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

سندھ حکومت کا آج صوبے بھر میں عام تعطیل کا اعلان

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ حکومت نے آج صوبے بھر میں عام تعطیل کا اعلان کر دیا۔ سندھ حکومت کے محکمہ مردم وجنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق جمعہ 13 مارچ کو صوبے میں تمام سرکاری ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

پشاور ہائیکورٹ میں توانائی بچت کیلئے نئے میں 4 دن کام کرنیکا فیصلہ

پشاور (ویب ڈیسک) پشاور ہائیکورٹ میں توانائی بچت کے اقدامات کے تحت ہفتے میں چار دن کام کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق پیر سے جمعرات تک باقاعدہ عدالتی کارروائی ہوگی جبکہ جمعہ اور ہفتہ کو عدالت بند رہے گی۔ چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ کی منظوری سے نیا انتظامی حکم نامہ جاری کر دیا گیا ہے جس کے تحت عمر کے بیڑوں کے استعمال میں کمی 50 فیصد کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

پیٹرول اور ڈیزل کی قلت سے متعلق جان بوجھ کر غلط معلومات پھیلائی جارہی ہیں، پی ایس او

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان اسٹیٹ آئل (پی ایس او) نے کہا ہے کہ ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کی قلت سے متعلق جان بوجھ کر غلط معلومات پھیلائی جارہی ہیں حالانکہ 20 دن سے زائد کا ذخیرہ موجود ہے۔ پی ایس او نے مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ اور آبنائے ہرمز کی صورت حال کے تناظر میں وزارت پیٹرولیم اور حساس اداروں کو ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی دستیابی سے متعلق ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

حیدرآباد میں پنجت بازار میں اشیاء خورد ونوش کی فروخت میں اضافہ

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھانے کیخلاف درخواست پر وفاق سے جواب طلب

لاہور (ویب ڈیسک) لاہور ہائی کورٹ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھانے کے خلاف درخواست پر وفاقی حکومت کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں جسٹس عابد عزیز شیخ نے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

شیخ رشید کی عمرہ روانگی سے متعلق کیس کا فیصلہ دلائل مکمل ہونے پر محفوظ

راولپنڈی (ویب ڈیسک) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد کی عمرہ روانگی سے متعلق انتظار کورٹ اپیل پر لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ نے سماعت مکمل کرنے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے راولپنڈی بنچ میں اپیل کی سماعت ڈویژن بنچ جسٹس جواد حسن اور جسٹس طارق محمود باجوہ نے کی۔ سماعت کے دوران ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے مقدمہ اختیار کیا کہ بی ایچ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

ٹرمپ ایران جنگ سے ہل گئے ہیں ◻ کہہ نہیں پا رہے، سینئر سیاست دان مشاہد حسین سید

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سینئر سیاست دان مشاہد حسین سید کا کہنا ہے کہ ٹرمپ اس جنگ سے ہل گئے ہیں ◻ کہہ نہیں پا رہے، اس جنگ نے صدر ٹرمپ کا سیاسی مستقبل داؤ پر لگا دیا ہے۔ سینئر سیاست دان مشاہد حسین سید ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

آپریشن غضب للحق ٹل اور ژوب سیکٹر میں افغان طالبان کی پوسٹیں مکمل تباہ

پاک فوج نے ژوب سیکٹر سے ملحقہ سرحدی علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے افغان طالبان کی ایک پوسٹ کو نشانہ بنا کر تباہ کر دیا

اس کارروائی کے نتیجے میں افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے عناصر وہاں سے فرار ہونے پر مجبور ہو گئے، سکیورٹی ذرائع

راولپنڈی (ویب ڈیسک) آپریشن غضب للحق کے تحت پاک افواج نے افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے خلاف موثر کارروائیاں جاری ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج نے پاک افغان سرحد پر ٹل سیکٹر سے ملحقہ افغان طالبان کی پوسٹوں کو نشانہ بنایا، پاک فوج کی موثر کارروائی کے دوران افغان طالبان پوسٹیں مکمل طور پر تباہ ہو گئیں۔ افغان طالبان کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کیلئے پشاور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

پشاور (ویب ڈیسک) خیبر پختونخوا میں بروقت بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لئے درخواست پشاور ہائیکورٹ میں دائر کر دی گئی۔ درخواست لیگل کونسل ایسوسی ایشن خیبر پختونخوا کی جانب سے دائر کی گئی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

وفاق نے گورنر سندھ کی تبدیلی پر اعتماد میں نہیں لیا، ایم کیو ایم ایم کیو ایم پاکستان اس فیصلے پر جلد اپنا لائحہ عمل طے کر رہی ہے

کراچی (ویب ڈیسک) ایم کیو ایم پاکستان نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت نے گورنر سندھ کی تبدیلی پر اعتماد میں نہیں لیا۔ ٹی وی کے مطابق ترجمان ایم کیو ایم نے اپنے بیان میں کہا کہ نئے گورنر سندھ کی تبدیلی کا علم ذرائع ابلاغ سے ہوا ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ وفاق کی جانب سے ایم کیو ایم پاکستان کو اس فیصلے پر اعتماد میں نہیں لیا گیا اور ایم کیو ایم پاکستان اس فیصلے پر جلد اپنا لائحہ عمل طے کرے گی۔ واضح رہے کہ وفاقی حکومت نے کامران ٹیسوری کو نئا گورنر سندھ کی جگہ مسلم لیگ ن کے رہنما ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

چودھری شوگر ملز ریفرنس بند کرنے کے کیس میں اہم پیشرفت

لاہور (ویب ڈیسک) احتساب عدالت نے وزیراعظم مریم نواز اور نواز شریف کیخلاف چودھری شوگر ملز ریفرنس بند کرنے کے کیس میں ڈی جی نیب کو فوری ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔ احتساب عدالت کے جج راناعارف نے نیب ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

پی این ایس سی کے دو جہاز آبنائے ہرمز میں پھنس گئے

آبنائے ہرمز سے متعلق ممکنہ راستوں بارے میں حتمی تصدیق نہیں کر سکتے، ترجمان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن (پی این ایس سی) کے دو جہاز آبنائے ہرمز میں پھنس گئے۔ وزارت بحری نائم کو وزارت خارجہ سے ہنگامی رابطہ کرلیا۔ وزیر بحری نائم جنید چودری کا کہنا ہے کہ وزارت خارجہ سے کہا ہے کہ ایرانی حکام سے پاکستانی جہازوں کی حفاظت راہداری ہنگامی بات کی جائے۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی کا کہنا ہے کہ وفاقی اور عسکری حکام ایرانی ہم منصبوں سے رابطے میں ہیں، آبنائے ہرمز سے متعلق ممکنہ راستوں بارے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

حیدرآباد: کینٹونمنٹ بورڈ کے اہلکار ایم اے جناح روڈ پر گاڑیوں پر گرگیا

ایرانی صدر نے جنگ بندی کیلئے 3 اہم شرائط رکھ دیں

ایران کے آئینی حقوق تسلیم کیے جائیں، جنگ میں ایران کے نقصانات کا ہرجانہ ادا کیا جائے، مسعود پزشکیان

آئندہ ایران کے خلاف جارحیت نہیں ہوگی عالمی طاقتیں اس کی ضمانت دیں، ایرانی صدر کا جاری بیان

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے اسرائیل اور امریکا سے جنگ بندی کیلئے 3 شرائط رکھ دیں۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ ایران کے آئینی حقوق تسلیم کیے جائیں، جنگ میں ایران کے نقصانات کا ہرجانہ ادا کیا جائے، اور آئندہ ایران کے خلاف جارحیت نہیں ہوگی عالمی طاقتیں اس کی ضمانت دیں۔ ایرانی صدر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

کراچی: ٹریفک کی خلاف ورزیاں، لیاقت آباد علاقے میں متعلقہ حکام کی غفلت کو اجاگر کرتی ہیں

اسحاق ڈار کا عمان کے وزیر خارجہ بدر بن حمد البوسعیدی سے ٹیلیفونک رابطہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے عمان کے وزیر خارجہ بدر بن حمد البوسعیدی سے ٹیلیفون پر گفتگو کی جس میں مشرق وسطیٰ اور وسیع تر خطے میں پیدا ہونے والی سنگین اور بدلتی ہوئی صورتحال پر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ لاکھوں بچوں کیلئے تباہ کن بن چکی، یونیسیف

نیویارک (ویب ڈیسک) اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ لاکھوں بچوں کے لیے تباہ کن بن چکی ہے۔ بی بی سی کے مطابق یہ بات اقوام متحدہ کے ادارہ برائے اطفال (یونیسیف) نے اپنے ایک بیان میں کی۔ یونیسیف نے کہا کہ 28 فروری کو ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

پی ٹی آئی کے 120 ارکان نے زبردستی پارٹی چھڑوائی گئی، شیر افضل مروت

اسلام آباد (ویب ڈیسک) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے 120 ارکان سے زبردستی پارٹی چھڑوائی گئی ہے۔ گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے کہا کہ پارٹی سے نکالے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

خراب کارکردگی پر ڈسکوز کے افسران کیخلاف کارروائی کا حکم

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر اویس لغاری نے بجلی کے محکمے کی کارکردگی کی بنیاد پر کیلئے نیا ضابطہ کار جاری کر دیا۔ اسلام آباد پاور ڈویژن کے مطابق وفاقی وزیر نے خراب کارکردگی پر ڈسکوز کے افسران کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

پیٹرول پر 20 روپے ٹیکس اور 35 روپے قیمت بڑھائی گئی، مفتاح اسماعیل

وزیراعظم کو پی ایس ڈی پی کا 51 فیصد کم کرنا چاہیے تھا، پی ایس ڈی پی کو کرنے تو گنتا کفایت شعاری ہوتی ہے

کراچی (ویب ڈیسک) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ پیٹرول پر 20 روپے ٹیکس اور 35 روپے قیمت بڑھائی گئی۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے مفتاح اسماعیل نے کہا کہ پیٹرول ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

خیبر پختونخوا حکومت کا 60 فیصد گاڑیاں گراؤنڈ کرنیکا فیصلہ

سرکاری گاڑیوں کو 2 ماہ کے لئے گراؤنڈ کر دیا، سکیلو، پولیس، ایمرجنسی سروسز فراہم کرنے والے ادارے اس فیصلے سے مستثنیٰ ہوں گے

صوبے کی 60 فیصد سرکاری گاڑیاں گراؤنڈ کرنے سے کروڑوں روپے کی بچت ہوگی، فیصلے پر ہر صورت عمل درآمد کو یقینی بنائیں گے

پشاور (ویب ڈیسک) ملک میں تمکنہ ایندھن بحران کے خدشے کے باعث خیبر پختونخوا حکومت نے بڑا فیصلہ کر لیا۔ توانائی بچت کے صوبائی حکومت نے 60 فیصد گاڑیاں گراؤنڈ کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ صوبے کی 60 فیصد سرکاری گاڑیاں گراؤنڈ کرنے سے کروڑوں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 17

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF HOUSING & WORKS
FEDERAL GOVERNMENT EMPLOYEES HOUSING AUTHORITY
CORRIGENDUM
FRAME WORK AGREEMENT TENDER NOTICE FOR WORKSHOP FOR VEHICLES MAINTENANCE/MOTORCYCLES REPAIRING F.Y (2026-27).
1. Federal Government Employees Housing Authority invited the PRE-QUALIFICATION AND FRAME WORK AGREEMENT TENDER NOTICE FOR WORKSHOP FOR VEHICLES MAINTENANCE /MOTORCYCLES REPAIRING F.Y (2026-27), through National Dailies vide PID No.7331/25 & 7367/25 tender document uploaded on www.fgeha.gov.pk and www.ppra.gov.pk websites on 10-03-2026.
2. The Tender subject has been changed from PRE-QUALIFICATION to Frame Work Agreement.
3. Tender documents having details specification along with terms and conditions can be obtained from www.fgeha.gov.pk and www.ppra.gov.pk free of cost from undersigned on any working day from 10:00 am to 04:00 pm.
Assistant Director (C.S) Federal Government Employee Housing Authority 10-Mauve Area, Sector G-10/4, Islamabad. Ph: 051:9106044
PID(1) 7504/25

کراچی میں سٹریٹ کرائم بے قابو، ڈھائی ماہ میں 11 ہزار سے زائد وارداتیں

شہری 7 ہزار 847 موٹر سائیکلوں سے محروم، 3 ہزار 158 شہریوں سے موبائل فونز چھین لیے گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں پولیس اقدامات اور سیف سٹی کیمروں کی تنصیب کے باوجود جرائم پر قابو نہ پایا جاسکا، رواں سال کے ابتدائی ڈھائی ماہ کے دوران سٹریٹ کرائم کی 11 ہزار 525 سے زائد وارداتیں رپورٹ ہوچکی ہیں۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق اس عرصے میں شہریوں کی 7 ہزار 847 موٹر سائیکلوں سے محروم کر دیا گیا جبکہ 3 ہزار 158 شہریوں سے موبائل فونز چھین لیے گئے۔ اعداد و شمار کے مطابق رواں سال کے ابتدائی ڈھائی ماہ میں 371 ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

عیدالفطر سے پہلے حیدرآباد کے ریشم بازار میں خواتین چوڑیاں خریدرہی ہیں

ایران جنگ: پاکستان میں ادویات کی قلت کا خطرہ بڑھ گیا

ممکنہ بحران کے پیش نظر ڈرپ سے فارما کمپنیوں کیلئے ہنگامی ایڈوائزری جاری کر دی

کراچی (ویب ڈیسک) ایران جنگ کے باعث پاکستان میں ادویات کی قلت کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ ڈرپ نے ہنگامی ایڈوائزری جاری کر دی ہے۔ ایران جنگ اور مشرق وسطیٰ میں مسلسل بڑھتی تنگی کے باعث پاکستان میں دواؤں کی فراہمی متاثر ہونے کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ عالمی تنگی کے باعث ممکنہ بحران کے پیش نظر ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (ڈرپ) کے فارما کمپنیوں کیلئے ہنگامی ایڈوائزری جاری کر دی ہے۔ ڈرپ نے خبردار کیا ہے کہ ادویات ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

پی ٹی آئی رہنماؤں کو اڈیالہ جیل میں بانی سے ملاقات کی اجازت نہ ملی

راولپنڈی (ویب ڈیسک) تحریک انصاف کے رہنماؤں کو ملاقات کی اجازت نہیں مل سکی۔ تفصیلات کے مطابق بانی پی ٹی آئی سے اڈیالہ جیل میں آج پارٹی رہنماؤں کی ملاقات کا دن تھا تاہم ملاقات کی اجازت نہیں مل ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

مریم نواز کا سینئر اداکار عاصم بخاری کے انتقال پر اظہار افسوس

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے سینئر اداکار عاصم بخاری کے انتقال پر اظہار افسوس کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے سوگوار خاندان سے اظہار ہمدردی و ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

بے شمار ٹی وی ڈراموں کے سینئر اداکار عاصم بخاری 76 برس کی عمر میں انتقال کر گئے

لاہور (ویب ڈیسک) سینئر اداکار عاصم بخاری لاہور میں رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ سینئر اداکار عاصم بخاری گزشتہ رات سے قومہ میں چلے گئے تھے، ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

کراچی: چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کیساتھ رکن سندھ اسمبلی حسن علی شاہ کا گروپ فوٹو

توشہ خانہ ٹو کیس؛ اسلام آباد ہائیکورٹ کا اپیلوں پر نمبر لگانے کا حکم

عمران خان اور بشریٰ کی اپیلوں پر رجسٹرار آفس کے اعتراضات دور کر دیئے گئے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) توشہ خانہ ٹو کیس میں اسلام آباد ہائیکورٹ نے اپیلوں پر رجسٹرار آفس کے اعتراضات دور کرتے ہوئے عمران خان اور بشریٰ بی بی کی اپیلوں پر نمبر لگانے کا حکم دے دیا۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور اڈیالہ جیل بشریٰ بی بی کی اپیلیں پر وقت دائر نا ہونے کا اعتراض دور کرنے کی درخواست پر سماعت کی۔ عمران خان اور بشریٰ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

گل پلازہ پر آواز اٹھانے' کراچی بچاؤ کانفرنس کی سزا دی گئی تو یہ کام کرتا رہوں گا، کامران ٹیسوری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ شہر کے بوجھی مسائل ہیں ان پر میری آواز اپنے ہی بلند ہوتی رہے گی، مگر کے کہنے پر بتایا سب جانتا ہوں۔ کراچی میں تقریب سے خطاب ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

سندھ ریونیو بورڈ کے محصولات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ

وزیراعلیٰ سندھ کی زیرصدارت اجلاس، ایس آر بی کی کارکردگی اور لائیو ٹل کا جائزہ لیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے سندھ ریونیو بورڈ (ایس آر بی) کی کارکردگی اور آمدہ کے لائیو ٹل کا جائزہ لیا اور ایک مشکل دور کے بعد مالی سال 2025-26 میں آمدہ وصولیوں کی مالی بحالی میں اس کے مرکزی کردار کو اجاگر کیا۔ جائزے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

حیدرآباد: کپڑے بازار میں عیدالفطر سے پہلے میڈی کی خریداری کا جنون

پیپلز پارٹی کی سرشت میں کراچی سے دوستی نہیں دشمنی ہے، ایاقت بلوچ

بلاول ہنٹوز زرداری ضد کو چھوڑیں، آزادانہ طریقہ سے کراچی سٹی کونسل کو اپنا تحقیقی نمائندہ مئیر بنانے دیں

کراچی (ویب ڈیسک) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی سرشت میں کراچی سے دوستی نہیں دشمنی ہے، وقت نے ثابت کیا ہے کہ بلاول بھٹو کو اپنا لاڈلا مئیر لانا کراچی کے لیے عذاب بن گیا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری ضد کو چھوڑیں، غلطی کو تسلیم کریں اور آزادانہ طریقہ سے کراچی سٹی کونسل کو اپنا تحقیقی نمائندہ مئیر بنانے دیا جائے۔ پیپلز پارٹی نے کراچی کے عوام کو پانی بجلی سمیت بنیادی ضرورت سے محروم کر دیا ہے۔ سلم ممالک میں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

کراچی کے تین بنی علاقے میں ٹریفک کا افراتفری، ٹریفک پولیس حکام کی غفلت کو اجاگر کرتی ہے

کراچی، سخت سیکورٹی کے باوجود سیل مارکیٹ میں بڑی چوری

موبائل شاپ سے 23 لاکھ کا مال غائب، پولیس چیف سے ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ طلب کر لی

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد کے علاقے صدر میں یوم حضرت علیؓ کے مرکزی جلوس کے موقع پر سخت سکیورٹی اور مارکیٹ بند ہونے کے باوجود موبائل فون کی دکان میں بڑی چوری کی واردات سامنے آگئی۔ نامعلوم ملزمان دلدار سینٹر میں قائم موبائل شاپ ساحل ایکسٹرکس سے لاکھوں روپے مالیت کے موبائل فونز اور نقدی لے اڑے۔ صدر موبائل اینڈ ایکسٹرکس ڈسٹرا ایسوسی ایشن کے رہنما منہاج گلفام کے مطابق دکان سے تقریباً 20 لاکھ روپے مالیت کے موبائل ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

سلمان مرزا نے اپنے اوپر لگائے گئے الزامات پر نجی چینل کے صحافی کو قانونی نوٹس بھیج دیا

لاہور (ویب ڈیسک) قومی کرکٹر سلمان مرزا نے اپنے اوپر لگائے گئے الزامات پر نجی چینل کے صحافی کو قانونی نوٹس بھیج دیا۔ سلمان مرزا نے سوشل میڈیا پر اپنی قانونی ٹیم کی وساطت سے نجی چینل اور اس کے صحافی کو قانونی نوٹس * سے متعلق آگاہ کیا۔ نجی چینل کے صحافی نے 5 مارچ کو سلمان مرزا پر الزام عائد کیا تھا کہ انہوں نے فی لیگ ورلڈ کپ کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 18